ایک محفوظ مستقبل کے لئے

# Hifazat



Jubilee LIFE INSURANCE

اپنے خاندان کے سربراہ کی حیثیت سے ان کے مستقبل کو محفوظ بنانا آپ کی ذمہ داری ہے۔

Jubilee Life **حفاظت** HBL کے ذریعہ پیش کرتا ہے۔ **حفاظت** ایک باسہولت لائف انشورنس منصوبہ ہے جو کہ خصوصی طور پر آپ کے لئے تیار کیا گیا ہے تا کہ باقاعدہ اور مربوط بچت میں آپ کی مدد کر سکے اور مستقبل میں کسی غیر یقینی صورتحال میں انشورنس کے ذریعہ آپ کے خاندان کو تحفظ فراہم کرے۔ **حفاظت** آپ کو اس قابل بنا تا ہے کہ آپ اپنے خاندان کو درکار راحت اور اطمینان فراہم کر سکیں۔ یہ آپ کے طویل مدت پر مبنی مالی مقاصد کے حصول میں بھی مددگار ثابت ہوتا ہے۔

## حفاظت کی خصوصیات

آپ اپنی ضرورت کے مطابق پریمئیم کے لئے کوئی بھی رقم منتخب کر سکتے ہیں جو آپ ہر سال ادا کر سکتے ہیں۔ آپ پریمئیم کی ادائیگی سالانہ، ششماہی، سہ ماہی یا ماہانہ بنیادوں پر کر سکتے ہیں۔

آپ اپنی ضرورت اور مقاصد کے مطابق بچت اور تحفظ کی سطح کا بھی از خود تعین کر سکتے ہیں۔

آپ تحفظ کو بڑھانے کے لئے مزید انشورنس فوائد میں سے بھی کسی کا انتخاب کر سکتے ہیں۔

## اہلیت

اگر آپ کی عمر 18 سے 65 سال کے درمیان ہے تو آپ **حفاظت** حاصل کرنے کے اہل ہیں۔

**نوٹ:** برائے مہربانی HBL کی منتخب کردہ شاخوں میں موجود Jubilee Life کے نمائندوں سے رابطہ کریں جو کہ آپ کی ضرورت کے مطابق مناسب منصوبے کی تیاری میں آپ کی مدد کریں گے۔ HBL کی شاخوں کی تفصیل www.hbl.com پر دیکھی جاسکتی ہے۔

## حفاظت کے فوائد

### موت کی صورت میں تحفظ

آپ کے انتقال کی صورت میں نامزد کردہ بینیفشریز (لواحقین) کو بیمہ شدہ رقم یا آپ کے فنڈز کی مجموعی کیش ویلیو ادا کی جائے گی (جو بھی زیادہ ہو)۔

## ایڈہاک (ٹاپ اپ پریمئیم)

اگر کسی بھی سال آپ اپنے منصوبے میں اضافی رقم جمع کرنا چاہیں تو **حفاظت** آپ کو ایسا کرنے کی اجازت دیتا ہے آپ اپنے موجودہ پریمئیم میں مزید رقم جمع کر سکتے ہیں تاکہ آپ کی رقم کی کیش ویلیو میں اضافہ ہو سکے۔

## آٹو میٹک کور مینٹیننس

اگر دو سال کے عرصے کے بعد آپ پریمئیم کی ادائیگی نہ کر سکیں تو بھی آپ انشورنس کور کے اس وقت تک اہل ہوں گے جب تک آپ کے منصوبے کی کیش ویلیو آپ کی پالیسی پر عائد چارجز کی ادائیگی کے لئے کافی ہو۔

## اختیاری بینیفٹس

ایک باسہولت منصوبہ ہونے کے باعث **حفاظت** آپ کو اضافی اختیاری رائڈرز کے حصول کا موقع بھی فراہم کرتا ہے۔

## فیملی انکم بینیفٹ

آپ کے انتقال کی صورت میں مسلسل ہونے والے اخراجات، جیسا کہ اسکول فیس کے لئے باقاعدہ اضافی آمدنی، آپ کے خاندان کو ایک مقررہ مدت تک دیگر فوائد کے علاوہ ادا کی جائے گی۔

## سنگین بیماری

کسی مصدقہ سنگین بیماری میں مبتلا ہونے کی صورت میں انتقال کے بینیفٹس آپ کو پیشگی ادا کر دیئے جائیں گے۔

## اسپتال میں داخلے کے لئے نقد رقم

اگر آپ کو کسی بیماری کی صورت میں اسپتال میں داخل ہونا پڑے تو آپ کو روزانہ 3,000 روپے تک کی رقم ادا کی جائے گی۔ اگر آپ کو کسی بیان کردہ سنگین بیماری کے باعث اسپتال میں رہنا پڑے تو اس روزانہ سہولت کو دگنا کر دیا جائے گا۔ انتہائی نگہداشت کے شعبہ میں داخلہ کی صورت میں 50 فیصد مزید اضافی رقم ادا کی جائے گی۔ اس بینیفٹ کے تحت آپ کی شریک حیات اور بچوں کا بھی کور حاصل کیا جا سکتا ہے۔

## حادثاتی موت

کسی حادثے کی صورت میں انتقال پر اضافی رقم ادا کی جائے گی جو کہ آپ کے خاندان کو اضافی تحفظ دے گی۔

## حادثاتی موت اور معذوری

اس کے تحت کسی حادثہ کی صورت میں ہونے والی موت یا معذوری پر مزید اضافی رقم کے ذریعہ آپ کی مدد کی جائے گی۔

## مستقل مکمل معذوری

موت کی صورت میں قابل ادائیگی رقم کو مستقل مکمل معذوری ہونے پر پیشگی ادا کر دیا جائے گا۔

## پریمیئم کی ادائیگی سے چھوٹ

اگر آپ اپنی بیماری یا معذوری کے باعث کم از کم چھ ماہ کے عرصہ تک اپنا موجودہ پیشہ / کوئی اور پیشہ (جو کہ مناسب علم، تربیت اور تعلیم کے ذریعہ) اپنایا جا سکتا ہو، جاری نہ رکھ سکیں تو Jubilee Life مستقبل کے پریمیئم خود ادا کرے گی۔ یہ ادائیگی پریمیئم کے واجب الادا ہونے کی اگلی تاریخ سے کی جائے گی۔

## پریمیئم کی ادائیگی

کم از کم قابل ادائیگی پریمیئم مندرجہ ذیل ہیں:

| کم از کم قابل ادائیگی رقم | مدت |
|---|---|
| 18,000 روپے | سالانہ |
| 9,000 روپے | ششماہی |
| 4,500 روپے | سہ ماہی |
| 1,500 روپے | ماہانہ |

## تعین کردہ پریمیئم

یونٹ اکاؤنٹ میں پریمیئم کا تعین مندرجہ ذیل طریقے سے کیا جائے گا:

| ایڈ ہاک | چھٹے سال اور اس سے آگے | چوتھے اور پانچویں سال | تیسرے سال | دوسرے سال | پہلے سال |
|---|---|---|---|---|---|
| 100% | 103% | 100% | 90% | 80% | 20% |

## فنڈز

اوپر دیئے گئے ٹیبل کے مطابق آپ کے متعین کردہ پریمیئم آپ کی پسند کے فنڈ (فنڈز) میں سرمایہ کاری کے لئے استعمال کئے جائیں گے۔ یہ فنڈز سرمایہ کاری کے ماہر مینیجرز کے زیرِ انتظام ہوتے ہیں اور انہیں پریمیئم سکیورٹیز کی تائید حاصل ہوتی ہے۔

## مینیجڈ فنڈ

اس فنڈ کا مقصد متوازن سطح کے وسیع رینج والے شیئرز، حکومتی اور فکسڈ انکم سکیورٹیز اور دیگر کیش ڈپازٹس میں ایسی سرمایہ کاری ہے جس سے سرمایہ میں بھی زیادہ سے زیادہ اضافہ ہو سکے۔

## یقین گروتھ فنڈ

اس فنڈ کا مقصد ایسے سرمایہ کاروں کو سرمایہ کاری کا موقع فراہم کرنا ہے جو کہ مارکیٹ کے اتار چڑھاؤ سے کم سے کم متاثر ہونے والی اعلیٰ سطح کی لیکوئڈ سرمایہ کاری سے مناسب منافع حاصل کرنا چاہتے ہیں۔

## میثاق فنڈ

میثاق فنڈ کا مقصد ایسے سرمایہ کاروں کو مواقع فراہم کرنا ہے جو کہ سود سے پاک سرمایہ کاری کرنا چاہتے ہیں۔ میثاق فنڈ کے ذریعہ منتخب کردہ اسٹاکس، سکوک بانڈز، اسلامی بینکوں کے شارٹ ٹرم ڈپازٹس، اسلامی میوچل فنڈ، اسلامی بینکوں کے فکسڈ انکم فنڈ اور دیگر سود سے پاک سرمایہ کاری میں آپ کی رقم لگائی جاتی ہے۔

## کیپیٹل گروتھ فنڈ

اس فنڈ کا مقصد پالیسی ہولڈر کے لئے زیادہ سے زیادہ منافع کا حصول ہے۔ جس کے لئے مختلف اقسام کے اثاثہ جات کی سرپرستی والی سرمایہ کاری کی جاتی ہے جن میں شیئرز، ٹرم فنانس سرٹیفیکٹس اور بینک ڈپازٹس شامل ہیں۔

نوٹ: Jubilee Life فنڈز کے یونٹس کی قیمت باقائدگی سے تمام بڑے روزناموں میں شائع کی جاتی ہیں اور یہ Jubilee Life کی ویب سائٹ www.jubileelife.com پر بھی دستیاب ہیں۔

## کیا حفاظت مجھے اپنا سرمایہ واپس نکالنے کی اجازت دیتا ہے؟

اگر آپ نے دو سال کی مدت تک کا پریمئیم مکمل طور پر ادا کر دیا ہے تو **حفاظت** آپ کو اپنے فنڈز (جزوی یا مکمل طور پر) واپس لینے کی اجازت دیتا ہے۔

## جزوی رقم نکالنے کی اجازت

اگر آپ کسی ہنگامی صورتحال کے باعث رقم نکالنا چاہتے ہیں لیکن اپنی پالیسی سے دستبردار نہیں ہونا چاہتے تو آپ کوئی بھی رقم نکال سکتے ہیں بشرطیکہ رقم نکالنے کے بعد آپ کی پالیسی کی باقی ماندہ کیش ویلیو 18,000 روپے سے زیادہ یا اس کے برابر ہونی چاہیے (کمپنی باقی ماندہ کیش ویلیو کی اس رقم پر کسی بھی وقت نظر ثانی کا اختیار رکھتی ہے)۔ جزوی طور پر کوئی رقم نکالنے کے باوجود آپ کو لائف انشورنس کور حاصل رہے گا لیکن بیمہ شدہ رقم میں سے آپ کی جانب سے نکالی گئی رقم کی کٹوتی کر لی جائے گی۔

## پالیسی سے مکمل دستبرداری

دو سال مکمل ہونے پر اگر آپ اپنی پالیسی سے دستبردار ہوتے ہیں تو آپ کو اپنے فنڈ (فنڈز) کی کیش ویلیو مکمل طور پر ادا کی جائی گی۔ تاہم پالیسی کے ابتدائی برسوں میں دستبرداری کی صورت میں کیش ویلیوز کم ہو سکتی ہیں۔

## فری لک عرصہ

Jubilee Life کی جانب سے آپ کو 14 دن کا فری لک عرصہ دیا جائے گا جس کے دوران آپ اپنی پالیسی کی شرائط و ضوابط کا جائزہ لے سکیں گے اور اگر چاہیں تو اسے منسوخ بھی کر سکیں گے۔ پالیسی دستاویزات کی وصولی کے 14 دن کے اندر آپ کی جانب سے تحریری درخواست موصول ہونے کی صورت میں پریمئیم آپ کو واپس کر دیا جائے گا۔ برائے مہربانی اس بات کو نوٹ کر لیں کہ Jubilee Life طبی معائنہ پر ہونے والے اخراجات کی کٹوتی کی مجاز ہے۔

## چارجز

ابتدائی برسوں میں کم ایلوکیشن کے ساتھ منصوبہ پر درج ذیل چارجز بھی عائد ہوں گے:

- فنڈ ویلیو کا 1.5% سالانہ انویسٹمنٹ مینجمنٹ چارج
- 55 روپے ماہانہ انتظامی فیس (جس پر کمپنی کسی وقت بھی نظر ثانی کر سکتی ہے)

- 5% بڈ آفر اسپریڈ
- لاگو مارٹیلیٹی چارجز
- رائڈر چارجز، اگر کوئی ہوں
- پالیسی فیس، ششماہی پریمیئم کے لئے 250 روپے اور سہ ماہی پریمیئم ادائیگی کے لئے 300 روپے

* کمپنی تمام چارجز پر کسی بھی وقت نظر ثانی کر سکتی ہے۔

## کیا حفاظت کے یونٹس میں سرمایہ کاری سے کسی قسم کے خطرات منسلک ہیں؟

- مارکیٹ رسک اور فنڈ کی کارکردگی کے باعث آپ کے یونٹس کی قیمت کم یا زیادہ ہو سکتی ہے یا پھر غیر تبدیل رہ سکتی ہے۔
- فنڈز کی ماضی کی کارکردگی ان میں سے کسی بھی فنڈز کی مستقبل کی کارکردگی کی یقینی ضمانت قرار نہیں دی جا سکتی۔

## رابطہ کے لئے تفصیلات

آپ اس بارے میں مزید معلومات کے لئے HBL کی مخصوص برانچوں میں موجود Jubilee Life کے انشورنس ایڈوائزرز یا

جوبلی لائف انشورنس کمپنی لمیٹڈ
ہیڈ آفس: 74/1-A، لالہ زار، مولوی تمیز الدین خان روڈ، کراچی، 74000، پاکستان۔
فون نمبر: (021) 35205095
فیکس نمبر: (021) 34322022, 35610959
ای میل: info@jubileelife.com، ویب سائٹ: www.jubileelife.com
یونیورسل ایکسس نمبر (111 111 JLI) 554 111 111 یا 8282 پر *JLI* ایس ایم ایس کر کے رابطہ کر سکتے ہیں۔

## اعتذار

اس کتابچہ میں دی گئی تمام ضمانتیں Jubilee Life کی جانب سے ہیں اور HBL کسی بھی طرح Jubilee Life کی کارکردگی کا ذمہ دار یا جوابدہ نہیں ہے۔